# جغرافیہ

## بورڈ کا سوالیہ پرچہ : مارچ 2021

وقت : 2 گھنٹے ]　　　　　　　　　　　　　　[ کل نمبر : 40

نوٹ : یہ امتحان کووڈ-۱۹ کی وجہ سے منعقد نہیں ہوا تھا۔

★★★

# جغرافیہ

## بورڈ کا سوالیہ پرچہ : ستمبر 2021

وقت : 2 گھنٹے ] | [ کل نمبر : 40

**ہدایات :** (1) تمام سوالات/سرگرمیاں حل کرنا ضروری ہے۔

(2) بائیں جانب کا عدد سوال کا کل نمبر ظاہر کرتا ہے۔

(3) سوال 4 (A) کے لیے فراہم کردہ بھارت / برازیل کے نقشے کا خاکہ استعمال کرکے اسے اصل جوابی پرچے سے منسلک کردیجیے۔

(4) سوال 6 (A) کے لیے فراہم کردہ ترسیمی کاغذ استعمال کرکے اسے اصل جوابی پرچے سے منسلک کردیجیے۔

(5) سوالوں کے جواب لکھتے وقت حسبِ ضرورت شکلیں/ترسیم بنائیے۔

(6) سوالوں کے جواب لکھتے وقت نقشہ بنانے کے لیے حسب ضرورت اسٹینسل کا استعمال کرنے کی اجازت ہے۔

(7) سوالوں کے جواب نیلی یا کالی روشنائی کے پین سے لکھیے۔ پنسل سے لکھے ہوئے جواب قبول نہیں کیے جائیں گے۔

(8) شکلیں، ترسیم اور نقشہ وغیرہ بنانے کے لیے پنسل یا رنگین پنسل کا استعمال کرسکتے ہیں۔

---

**سوال 1. صحیح متبادل کا انتخاب کرکے جملے دوبارہ لکھیے :** 4

(1) امیزان دنیا کا ایک بڑا دریا ہے۔اس دریا کے دہانے پر ............................ ۔

(i) ڈیلٹا ہے (ii) ڈیلٹا نہیں ہے (iii) گہری کھاڑیاں ہیں (iv) ماہی گیری کا پیشہ کیا جاتا ہے

(2) بھارت کی آب وہوا ............................ قسم کی ہے۔

(i) مانسونی (ii) مرطوب (iii) استوائی (iv) سرد

(3) دلدلی علاقے پانٹانال میں ............................ پایا جاتا ہے۔

(i) پیرہانا (ii) مکاؤ (iii) اینا کونڈا (iv) برفانی چیتا

(4) بھارت کو تقریباً ............................ کلومیٹر لمبا ساحلی علاقہ دستیاب ہے۔

(i) 7,100 (ii) 7,400 (iii) 7,700 (iv) 7,500

**سوال 2. متفرق جز پہچانیے :** 4

(1) علاقائی سیر کے لیے درکار اشیا :

(i) بیاض (ii) کیمرہ (iii) نقشہ (iv) خوردبین

(2) بھارتی نباتات :

(i) دیودار (ii) انجن (iii) آرکیڈ (iv) بڑ

(3) انسانی بستی کے لیے درکار عوامل :

(i) صحرائی علاقہ (ii) سادہ خطہ (iii) پانی کی دستیابی (iv) سازگار آب وہوا

(4) برازیل کی نقدی فصلیں :

(i) کافی (ii) سویابین (iii) ربر (iv) مکئی

سوال 3. درج ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط لکھیے (کوئی چار) : 4

(1) برازیل میں دنیا کی سب سے زیادہ نباتات کی اقسام نہیں پائی جاتی ہیں۔

(2) بھارت میں آبادی کی تقسیم غیر مساوی ہے۔

(3) برازیل میں ماحولیاتی شعور اور تحفظ کی وجہ سے سیاحت کو فروغ حاصل ہوا ہے۔

(4) بھارت کے درمیان سے خطِ جدی گزرتا ہے۔


(5) دریائے سندھ کا معاون دریا ستلج ہے۔

سوال 4. (A) دیے گئے برازیل کے نقشے میں مندرجہ ذیل کی نشاندہی کیجیے اور اشاریہ بھی بنائیے : (کوئی چار) 4

(1) برازیل کی راجدھانی (برازیلیا) (2) آماپا ریاست (3) پیکو دی نیبلینا

(4) خشک چوگوشہ (5) پیرانا دریا (6) برازیل کی سب سے زیادہ گنجان آبادی والی ریاست

سوال 4. (B) درج ذیل نقشے کا بغور مشاہدہ کیجیے اور سوالات کے جوابات لکھیے : (کوئی چار) 4



**سوالات :**

(1) بھارتی معیاری وقت کا طول البلد کون سا ہے؟

(2) بھارت کا انتہائی جنوبی سرا کون سا ہے؟

(3) بھارت کے جنوب میں کون سا ملک ہے؟

(4) بھارت کے درمیان سے کون سا خط گزرتا ہے؟

(5) بھارت کے شمال سے جنوب کا فاصلہ کتنا ہے؟

**سوال 5. مندرجہ ذیل کے جغرافیائی وجوہات لکھیے : (کوئی دو)** 6

(1) برازیل کے جنگلات کو دنیا کے پھیپھڑے بھی کہا جاتا ہے۔

(2) برازیل دنیا کی معاشی ترقی میں ایک اہم کردار ادا کرنے والا اور مستقبل کی ایک اہم منڈی کے طور پر دیکھا جانے والا ملک ہے۔

(3) ہمالیہ سے نکلنے والے دریا سال بھر پانی سے لبریز ہوتے ہیں۔

(4) برازیل بین الاقوامی سیاحوں کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہے۔

**سوال 6. (A) مندرجہ ذیل اعداد وشمار کی بنا پر سادہ ستونی ترسیم بنایئے اور درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیے :** 6

**برازیل–شہری آبادی کا فیصد (1960-2010)**

| سال | 1960 | 1970 | 1980 | 1990 | 2000 | 2010 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| شہری آبادی کا فیصد | 47.1 | 56.8 | 66.0 | 74.6 | 81.5 | 84.6 |

**سوالات :**


(1) اعداد وشمار میں سالانہ فرق کتنا ہے؟


(2) کس دہائی میں شہری آبادی کی رفتار میں کمی آئی ہے؟

(3) 1970 سے 1980 کے دہائی میں شہری آبادی میں کتنا فیصد اضافہ ہوا ہے؟

**یا**

6 سوال 6. (B) درج ذیل ترسیم کا مطالعہ کر کے سوالات کے جوابات لکھیے :




سوالات :

(1) کون سے ملک کا عرصۂ حیات زیادہ ہے؟

(2) 1990 سے 2010 اس دہائی کے درمیان بھارت کے عرصۂ حیات میں کتنا اضافہ ہوا ہے؟

(3) 1990 سے 2016 کے درمیان برازیل کے عرصۂ حیات میں کتنا اضافہ ہوا ہے؟

(4) سال 2000 میں بھارت اور برازیل کے درمیان عرصۂ حیات میں کتنا فرق ہوا ہے؟

(5) کس ملک میں بوڑھوں کا تناسب زیادہ ہے؟

(6) سال 1980 میں بھارت کا جو عرصۂ حیات ہے وہ برازیل کے کس سال میں ہے؟

8 سوال 7. درج ذیل کے مفصل جواب لکھیے : (کوئی دو)

(1) علاقائی سیر کیا ہے؟ علاقائی سیر کے لیے آپ کون کون سی اشیا ساتھ لیں گے؟

(2) بھارت کی آب و ہوا میں بحرِ ہند اور ہمالیہ کی اہمیت مختصراً لکھیے۔

(3) بھارت اور برازیل میں جاری ماہی گیری کے پیشے میں یکسانیت اور فرق بتائیے۔

★★★

# جغرافیہ

## بورڈ کا سوالیہ پرچہ : ستمبر 2021 کے جوابات

**سوال 1.**

**(1)** امیزان دنیا کا ایک بڑا دریا ہے۔اس دریا کے دہانے پر ڈیلٹا نہیں ہے ۔

**(2)** بھارت کی آب وہوا مانسون قسم کی ہے۔

**(3)** دلدلی علاقے پانٹانال میں اینا کونڈا پایا جاتا ہے۔

**(4)** بھارت کو تقریباً 7,500 کلومیٹر لمبا ساحلی علاقہ دستیاب ہے۔

**سوال 2.**

**(1)** **متفرق جز :** (iv) خوردبین

**(2)** **متفرق جز :** (iii) آرکیڈ

**(3)** **متفرق جز :** (i) صحرائی علاقہ

**(4)** **متفرق جز :** (iv) مکئی

**سوال 3.**

**(1)** غلط

**(2)** صحیح

**(3)** صحیح

**(4)** غلط

**(5)** صحیح

سوال 4. (A)




اشاریہ :

| نمبر شمار | نشان اور علامات | بیان |
|---|---|---|
| (1) | ⊙ | برازیل کی راجدھانی ـ برازیلیا |
| (2) | ▨ | آماپاریاست |
| (3) | ▲ | پیکودی نیبلینا |
| (4) | | خشک چوگوشہ |
| (5) | | پیرانادریا |
| (6) | ▦ | برازیل کی سب سے زیادہ گنجان آبادی والی ریاست — ریودی جانیریو |

**سوال 4. (B)**

**(1)** بھارتی معیاری وقت کا طول البلد '۳۰ °۸۲ مشرقی ہے۔

**(2)** بھارت کا انتہائی جنوبی سرا اندرا پوائنٹ ہے۔

**(3)** بھارت کے جنوب میں سری لنکا اور مالدیپ ملک ہیں۔

**(4)** بھارت کے درمیان سے خط سرطان گزرتا ہے۔

**(5)** بھارت کے شمال سے جنوب کا فاصلہ 3,200 کلومیٹر ہے۔

**سوال 5.**

**(1)** (۱) برازیل کے شمالی حصے میں دریائے امیزان کی وادی کے علاقے میں گھنے، سدابہار بارانی جنگلات پائے جاتے ہیں۔

(۲) ان بارانی جنگلات کی نباتات بڑے پیمانے پر ماحول کی کاربن ڈائی آکسائیڈ کو جذب کرتی ہیں اور فضا میں بڑے پیمانے پر آکسیجن کا اخراج کرتی ہیں۔

(۳) ان بارانی جنگلات کی وجہ سے کاربن ڈائی آکسائیڈ کی مقدار کم ہونے میں مدد ملتی ہے۔اس لیے ان بارانی جنگلات کو ''دنیا کے پھیپھڑے'' کہا جاتا ہے۔

**(2)** (۱) برازیل پر تین سو سال سے زیادہ عرصے تک پرتگالیوں کا قبضہ تھا۔

(۲) بیسویں صدی کے آخری زمانے میں یہ ملک عالمی مالی مسائل سے ابھرا ہے۔

(۳) برازیل کو مستقبل کی ایک اہم منڈی کی حیثیت سے دیکھا جاتا ہے، اس طرح دنیا کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرنے والے ملک کے طور پر برازیل کی طرف دیکھا جاتا ہے۔

**(3)** (۱) ہمالیہ کے بیشتر دریا نہایت اونچائی پر پائی جانے والی برف پوش پہاڑی کی چوٹیوں سے نکلتے ہیں۔

(۲) موسم گرما میں برف پگھلنے پر گرمی کے موسم میں بھی ان دریاؤں کو پانی ملتا رہتا ہے۔

(۳) موسم برسات، موسم سرما اور موسم گرما تینوں موسموں میں پانی کی فراہمی ہونے کی وجہ سے ہمالیہ کے تقریباً تمام دریا سال بھر بہتے ہیں۔

**(4)** برازیل میں مندرجہ ذیل عوامل سیاحوں کو اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں :

(۱) سفید چمکدار ریت والے سمندری کنارے۔

(۲) قدرتی مناظر سے بھرپور اور صاف ستھرے ساحل۔

(۳) قدرتی مناظر سے مزین جزیرے۔

(۴) دریائے امیزان کی وادی کے سدابہار، گھنے، بارانی جنگلات۔


(۵) انواع واقسام کے جانور اور پرندے۔

(۶) مختلف باغات۔

(۷) برازیلیا، ریو دی جانیریو، ساؤپاؤلو وغیرہ بڑے شہر۔

(۸) میناس بندرگاہ اور فٹ بال اسٹیڈیم وغیرہ۔

**سوال 6. (A)**




**(1)** اعداد و شمار میں سالانہ فرق 10 سال ہے۔

**(2)** 2000 تا 2010 کی دہائی میں شہری آبادی (شہرکاری) کی رفتار میں کمی آئی ہے۔

**(3)** 1970 سے 1980 کے دہائی میں شہری آبادی (شہرکاری) میں 9.2 فیصد اضافہ ہوا ہے؟

**یا**

**سوال 6. (B)**

**(1)** ملک برازیل کا عرصۂ حیات زیادہ ہے۔

**(2)** 1990 سے 2010 کی دہائی کے درمیان بھارت کے عرصۂ حیات میں 9 سال کا اضافہ ہوا ہے۔

**(3)** 1990 سے 2016 کے درمیان برازیل کے عرصۂ حیات میں 10 سال کا اضافہ ہوا ہے۔

**(4)** سال 2000 میں بھارت اور برازیل کے درمیان عرصۂ حیات میں 7 سال کا فرق ہوا ہے۔

**(5)** ملک برازیل میں بوڑھوں کا تناسب زیادہ ہے۔

**(6)** 1980 سال میں بھارت کا جو عرصۂ حیات ہے وہ برازیل میں سال 1960 میں تھا۔

**سوال 7.**

**(1) (الف) مفہوم :**

(۱) جغرافیہ مشاہدے کے ذریعے حاصل کیا جانے والا علم ہے۔

(۲) جغرافیہ کے لیے پوری زمین کو ایک تجربہ گاہ تسلیم کیا گیا ہے۔

(۳) پوری زمین کی عملاً سیر کر کے مطالعہ کرنا ممکن نہیں ہے۔

(۴) اس لیے مخصوص علاقے کا انتخاب کر کے نمونے کے طور پر اس علاقے کی سیر کی جاتی ہے۔ اسے علاقائی سیر کہا جاتا ہے۔

**(ب) علاقائی سیر کے لیے اشیا :**

**علاقائی سیر کے لیے ہم درج ذیل اشیا ساتھ لیں گے :**

(۱) معلومات درج کرنے کے لیے بیاض، قلم، پنسل، پیمائشی پٹی، کیمرہ، دوربین وغیرہ۔

(۲) سمت معلوم کرنے کے لیے قطب نما اور گہرے مطالعے کے لیے نقشے۔

(۳) علاقائی سیر کے مقصد کے لحاظ سے سوالنامہ۔

(۴) علاقے کے پانی، کچرا، نباتات، پتھر کے نمونے اکٹھا کرنے کے لیے کاغذی تھیلی یا بند ڈھکن والے ڈبے ان کے علاوہ ٹوپی، پانی کی بوتل۔

**(2)** (۱) بحر ہند اور کوہ ہمالیہ کا بھارت کی آب و ہوا اور بارش پر کافی اثر ہوتا ہے۔

(۲) پنجاب کے میدانی علاقے اور راجستھان کے تھار ریگستانی علاقے کی آب و ہوا گرم ہوتی ہے۔ اس لیے ان علاقوں میں موسمِ گرما کے آغاز میں کم دباؤ کا پٹا بنتا ہے۔

(۳) بحر ہند پر نسبتاً زیادہ دباؤ والا ہوا کا پٹا ہونے کی وجہ سے بحر ہند کے زیادہ دباؤ والے پٹے سے بھارت کی سرزمین کی طرف جنوب مغربی ہوائیں بہنے لگتی ہیں۔

(۴) آبی بخارات سے لدی ہوئی ان جنوب مغربی ہواؤں کی وجہ سے بھارت میں بارش ہوتی ہے۔

(۵) ہمالیہ کی وجہ سے شمالی جانب سے آنے والی انتہائی سرد ہوائیں رک جاتی ہیں۔ اس وجہ سے بھارت کے شمالی حصے کا انتہائی سرد ہواؤں سے بچاؤ ہوتا ہے۔

(۶) بھارت کی سرزمین پر چلنے والی جنوب مغربی موسمی ہوائیں بھی ہمالیہ کے شوالک اور ہماچل کے پہاڑی سلسلوں کی وجہ سے رک جاتی ہیں۔

(۷) جنوب مغربی سمت سے چلنے والی یہ ہوائیں شوالک اور ہماچل کے پہاڑی سلسلوں سے سمت بدل کر واپس بحر ہند کی طرف شمال مشرقی سمت کو جاتی ہیں۔

(۸) شمال مشرقی سمت سے چلنے والی ان شمال مشرقی مانسونی ہواؤں سے بھارت کے جزیرہ نما حصے میں دوبارہ مانسون کی واپسی کی بارش ہوتی ہے۔

(3) (الف) بھارت اور برازیل میں جاری ماہی گیری کے پیشے میں یکسانیت :

(۱) بھارت اور برازیل کے ساحلی علاقے میں ماہی گیری ایک روایتی پیشہ ہے جسے خوب فروغ ہوا ہے۔

(۲) بھارت اور برازیل دونوں ممالک میں کھارے پانی میں ماہی گیری کی جاتی ہے۔

(ب) بھارت اور برازیل میں جاری ماہی گیری کے پیشے میں فرق :

(۱) بھارت میں کئی مقامات پر دریا، تالاب، جھیل وغیرہ کے میٹھے پانی میں ماہی گیری کی جاتی ہے۔لیکن برازیل کی قدرتی ساخت، گھنے جنگلات، دریاؤں کے پانی کے بہاؤ کی وجہ سے میٹھے پانی میں ماہی گیری کو فروغ نہیں ہوا۔

(۲) برازیل کے قریب گرم اور سرد سمندری روؤں کے ملاپ کی وجہ سے بڑے پیمانے پر پلانکٹن کی نشو ونما ہوتی ہے۔ پلانکٹن مچھلیوں کی غذا ہونے کی وجہ سے اس مقام پر بڑے پیمانے پر مچھلیاں پائی جاتی ہیں۔اس کے نتیجے میں برازیل میں ماہی گیری کے پیشے کو فروغ حاصل ہوا۔اس کے برعکس بھارت کے قریب اس قسم کی سمندری روؤں کا ملاپ کہیں پایا نہیں جاتا۔اس کے باوجود بھارت میں ماہی گیری کے پیشے کو فروغ ہوا ہے۔

★★★